اونٹاریو کی ٹونٹیوں کا پانی: پینے کے لئے محفوظ

کیا آپکو معلوم تھا کہ اونٹاریو کی ٹونٹیوں کے پانی کا معیار دُنیا کے بہترین معیاروں میں سے ہے؟ آپ اونٹاریو کی ٹونٹیوں کے پانی کے معیار اور تحفظ پر اعتماد کر سکتے ہیں۔

اونٹاریو کے پینے کے پانی کی حفاظت کیسے کی جاتی ہے؟

اونٹاریو کے پینے کے پانی کی حفاظت کے لئے نہایت عُمدہ نظام موجود ہے۔ اونٹاریو کے واضح، سخت قواعد اور سخت معیار پینے کے پانی کی، اسکے منبع سے لے کر آپکی ٹونٹی تک پہنچانے میں، حفاظت کرتے ہیں۔

پینے کے پانی کا نظام چلانے والوں کو ایسی تربیت دی جاتی ہے جو اعلیٰ پیشہ وارانہ معیاروں پر پورا اُترتی ہے۔ ماحولیاتی وزرات کے ماہرین، سال میں کم از کم ایک مرتبہ، مقامی حکومت کے پینے کے پانی کے تمام پلانٹس کا جائزہ لیتے ہیں۔ پینے کے پانی کے نظام کے لئے، چیف ڈرنکنگ واٹر انسپیکٹر پینے کے پانی کے معیار اور جائزہ کے نتائج کی سالانہ رپورٹ دیتا ہے۔ 11-2010ء میں:

- اونٹاریو کے پینے کے پانی کے نظام سے لئے گئے 639,000 سے زائد نمونوں کی جانچ کی گئی۔
- بلدیاتی پانی کے نظام سے ملنے والے پانی کے معیار کی جانچ میں 99.87 فیصد سخت ترین معیاروں پر پورے اُترے۔

یہ دیکھنے کے لئے کہ ہمارا پینے کا پانی کس طرح ابھی بھی ہمارے سخت معیار پر پورا اُتر رہا ہے، چیف ڈرنکنگ واٹر انسپیکٹر کی سالانہ رپورٹ پڑھیں۔

میرا پینے کا پانی کہاں سے آتا ہے؟

اونٹاریو کے پینے کا زیادہ تر پانی جھیلوں، دریاؤں اور کنوؤں سے آتا ہے۔

بڑی جھیلیں شمالی امریکہ کو مہیا ہونے والے سطح کے تازہ پانی کا 95 فیصد حصّہ فراہم کرتی ہیں۔

آپکی کمیونٹی کو پانی فراہم کرنے والی جھیل، دریا یا کنوئے کا پتہ لگانے کے لئے پینے کے پانی کا معیار والا نقشہ ملاحظہ کریں۔

میرا پینے کا پانی کِس عمل میں سے گذرتا ہے؟

- پہلا قدم: پانی کسی دریا، جھیل یا کنوئیں سے لیا جاتا ہے۔
- دوسرا قدم: پانی میں شامل مادّے چھوٹے چھوٹے ذرّات بناتے ہیں جو مل کر بڑے ذرّات بن جاتے ہیں۔ یہ بڑے ذرّات پانی کی تہہ میں بیٹھ جاتے ہیں اور بعد میں الگ کر لئے جاتے ہیں۔
- تیسرا قدم: دوسرے ذرّات کو ریت، بجری، کوئلوں کی ایک تہہ یا ایک جھلّی میں سے گذار کر چھان لیا جاتا ہے۔
- چوتھا قدم: کلورین پانی کو جراثیم سے پاک کرتی ہے۔ کلورین کی ہلکی سی مقدار اُس پانی میں ہوتی ہے جو آپ پیتے ہیں۔

پانی زیادہ تر اسی عمل میں سے گذر کر صاف ہوتا ہے۔ یہ معلوم کرنے کے لئے کہ آپکی کمیونٹی میں پانی کِس عمل میں سے گذار کر صاف کیا جاتا ہے پینے کے پانی کا معیار والا نقشہ پر کلک کریں۔

ontario.ca/drinkingwater

PIBS 8915u

اگر میں اپنے ٹونٹی کے پانی کے بارہ میں فکر مند ہوں تو کیا کروں؟

اگر آپکو اپنی بلدیہ سے پانی فراہم ہوتا ہے، تو اُنکے دفتر سے رابطہ کریں۔ آپ اپنی بلدیہ سے رابطہ کی معلومات حاصل کرنے کے لئے اپنی ٹیلی فون کی کتاب کے نیلے رنگ کے صفحات (Blue Pages) کا معائنہ بھی کرسکتے ہیں۔ ورنہ، اپنے مقامی عوامی صحت یونٹ سے رابطہ کریں۔

1950 کی دہائی سے قبل تعمیر ہوئے مکانوں میں سیسے کی پائپز اور سروس لائنز ہونے کے زیادہ امکانات ہیں۔ سیسہ کا پتہ لگانے کے لئے سیسہ اور پینے کا پانی اور اپنی ٹونٹی کے پانی کا جائزہ لینا بارے مزید معلومات حاصل کریں۔

میں اونٹاریو کے پینے کے پانی کی حفاظت کے لئے کیا کر سکتا ہوں؟

یہاں کچھ طریق بتائے جارہے ہیں جن کے ذریعہ، اونٹاریو کی ٹونٹی کا پانی پی کر، آپ بے مصرف مواد کو کم کرسکتے ہیں اور پیسہ بھی بچاسکتے ہیں:

- اپنے ساتھ دوبارہ قابلِ استعمال پانی کی بوتل رکھیں اور بلو ڈبلیو پروگرام (Blue W Program) کے ذریعہ مُفت پانی بھریں۔ اس پروگرام میں شریک کاروباروں کی کھڑکیوں اور عوامی جگہوں پر بلوڈبلیو (Blue W) کی تصویر تلاش کریں۔
- اپنے فرج میں پانی سے بھرے جگ رکھیں یا پانی میں برف ڈالیں بجائے اسکے کہ ٹونٹی کو ٹھنڈے پانی کے انتظار میں کُھلا رکھیں۔
- پینٹ یا تیل کو سڑک پر بنی نکاسی نالیوں (storm drains) میں مت ڈالیں۔ مثلاً، اپنی کار کو ڈرائی وے کی بجائے، کارواش (carwash) والی جگہ لے جاکر دھوئیں۔

اونٹاریو میں نئے آنے والوں کے لئے کثیر اللسان پوسٹ کارڈ

کیا آپ اپنی کمیونٹی میں ایسے لوگوں کو جانتے ہیں جو اونٹاریو کے ٹونٹی کے پانی کے اعلیٰ معیار کے بارہ میں جاننا چاہتے ہیں؟

تصویر کو بڑا کرنے کے لئے پوسٹ کارڈ پر کلک کریں۔ یا اگر آپ مُفت کاپیاں چاہتے ہیں تو ٹورا نٹو میں ماحولیاتی وزارت کے عوامی معلوماتی سینٹر پر ٹول فری نمبر 1-800 - 565 - 4923 یا 416-325-4000 پر فون کریں۔

اونٹاریو کے پینے کا پانی
کیا آپ جانتے ہیں کہ ...
اونٹاریو کے اعلیٰ معیار کے ٹونٹی کا پانی ڈنیا میں محفوظ کئے ہوئے بہترین پانی میں سے ہے — اس کے 99 فیصد سے زائد نتائج اونٹاریو کے مقرر کردہ صحت کے معیاروں پر پورے اُترتے ہیں۔
یہ بہت سخت ضابطے کی پابندیوں کے ساتھ ٹیسٹ اور باقاعدہ معائنہ کیا جاتا ہے۔ ہر سال چھ لاکھ سے زائد معائنے کے نتائج ہوتے ہیں۔
ٹونٹی کا پانی پینے کے لئے ایک ارزاں ترین انتخاب ہے، جس پر فی لیٹر ایک سینٹ کا 1/8 واں حصہ لاگو آتا ہے۔
پانی کے شعبے میں بہت سی ملازمتوں کے مواقع ہیں جن میں کیمیکلسٹ، انجینئرز، پائپ فٹرز، پائپ لیئرز اور انسپکٹرز شامل ہیں۔
اونٹاریوں کے باشندے پُر اعتماد رہیں کہ اُن کے ہاں ٹونٹی سے آنے والا پانی پینے کے لحاظ سے محفوظ ہے۔
www.ontario.ca/drinkingwater
Protecting our environment.
Ontario

Urdu

Arabic

Chinese (Modern)

English

French

Gujarati

Punjabi

Russian

Spanish

Tagalog

Tamil